ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(828)

30-12-2022

بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اورامام بارگاہوں کے وزٹ، سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر ماموراہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر ماموافسران واہلکاران کو چیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اورحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کوالرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارافرض بہت اہم ہے، شہریوں کواحساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے، انہوں نے ایس ڈی پی اوز اورایس ایچ اوز کواپنے اپنے ایریا میں مؤثر گشت اورسیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اورامام بارگاہوں کے وزٹ، سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(829)

30-12-2022

بہاول پور()ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ کی مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری،عوام کو انصاف فراہم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے،عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے،ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت اور شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے حوالے سے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں جمعتہ المبارک کے روز کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری رکھا ہوا ہے،پولیس افسران نے مساجد میں موجود شہریوں کے پولیس سے متعلقہ مسائل تفصیل سے سنے اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل اسی طرح جاری رہے گا تاکہ شہریوں کے مسائل کو ان کی دہلیز پر سنا اور حل کیا جا سکے،آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے دفاتر میں بھی شہریوں کے مسائل سن کر حل کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو انصاف فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے،جس پر تمام فیلڈ افسران عمل پیرا ہیں۔عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ کی مساجد میں کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سنتے ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(830)

30-12-2022

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ سٹی یزمان کا سرپرائز وزٹ، ریکارڈ چیک کیا، سیکیورٹی بہتر بنانے کی ہدایات۔علاقہ میں جرائم کے کنٹرول کے لیے گشت کے نظام کو مزید موثر کیا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کو قانون کی گرفت میں لانے کے لیے ایک جامع حکمت عملی مرتب کی جائے، ڈی پی او

تفصیل کے مطابق ( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے گذشتہ رات تھانہ سٹی یزمان کا سرپرائز وزٹ کیا۔وزٹ کے دوران تھانہ میں ریکارڈ، صفائی ستھرائی اور کرائم ریکارڈ چیک کیا۔حوالات میں بند ملزمان اور مقدمات کی تفتیش کی پیش رفت کے بارے میں آ گاہی حاصل کی ۔ایس ایچ او اور محرر نے بریفنگ دی۔ وزٹ کے دوران تھانہ جات کی صفائی اور ریکارڈ چیک کیا، تھانہ جات کی حدود میں کرائم کا جائزہ لیا زیر تفتیش مقدمات کی تفتیش جلد مکمل کر کے حقائق یکسو کرنے کے احکامات جاری کیے۔فرنٹ ڈیسک کی چیکنگ کے دوران عملہ کو ہدایت کی کہ وہ سائلین کے آنے پر عزت واحترام سے پیش آتے ہوئے فوری طور پر ان کے کام کر کے بھجوائے جائیں اور ریکارڈ کی روزانہ کی بنیاد پر اپڈیشن کرنے کی ہدایات دیں۔حوالات کا جائزہ لیا اوان میں موجود حوالاتیوں کے بارے میں دریافت کیا اور ایس ایچ اوز کو ہدایات دی کہ حوالاتیوں کی بنیادی ضروریات کا خیال رکھا جائے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کیں کہ تھانہ میں آنے والے تمام سائلین کے لیے بیٹھنے کو مناسب انتظام کیا جائے، سائلین کے ساتھ اپنا رویہ شائستہ رکھا جائے اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ڈی پی او نے مزید کہا کہ علاقہ میں جرائم کے کنٹرول کے لیے گشت کے نظام کو مزید موثر کیا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کو قانون کی گرفت میں لانے کے لیے ایک جامع حکمت عملی مرتب کی جائے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ سٹی یزمان کا سرپرائز وزٹ